# سیاسی مشیران جو دونوں امیدواروں اور آزادانہ خرچہ کرنے والوں کے لیے کام کرتے ہیں

سیاسی مشیران[1] کو ان مہم فائنانس کی ان ممکنہ خلاف ورزیوں سے آگاہ ہونا چاہیے، جو ان کے لیے اور ان کے کلائنٹس کے لیے پیش آ سکتی ہیں، جب وہ دونوں امیدواروں اور آزادانہ خرچہ کرنے والوں کے لیے ایک ہی وقت میں کام کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں۔

دونوں اقسام کے کلائنٹس کے لیے کام کرنا امیدواروں، آزادانہ خرچہ کرنے والوں اور مشیران کی جانب سے ایکٹ اور قواعد کی خلاف ورزی کا سبب بن سکتا ہے۔ ذیل میں موجود رہنمائی مشیران کو اس حوالہ سے معلومات فراہم کرتی ہے کہ ان کا کام کب ان کے کلائنٹس اور ان کے اپنے لیے مسائل پیدا کر سکتا ہے۔

FYI **یاددہانی**

**امیدواروں اور آزادانہ خرچہ کرنے والوں** کو بھی اس رہنمائی کو دیکھنا چاہیے اور تصدیق کرنی چاہیے کہ وہ جن مشیران کی خدمات حاصل کرتے ہیں، وہ غیر آزادانہ سرگرمی کی وجہ سے مہم فائنانس کی خلاف ورزیوں سے بچنے کے لیے ضروری اقدامات کریں۔

## دونوں اقسام کے کلائنٹس کے لیے کام کرنا ایک مسئلہ کیوں ہے؟

نیو یارک سٹی مخصوص قواعد کا حامل ہے، جو آزادانہ اخراجات پر لاگو ہوتے ہیں۔ کسی خرچے کے ایک امیدوار کی مہم سے حقیقی طور پر آزادانہ ہونے کے لیے، امیدوار اور آزادانہ خرچہ کرنے والا اپنی سرگرمیوں میں ہم آہنگی نہیں رکھ سکتے۔ جب ایک مشیر ایک امیدوار اور آزادانہ خرچہ کرنے والے شخص، دونوں کی جانب سے کام کرتا ہے، تو خرچہ کرنے والے کی سرگرمیوں کو غیر آزادانہ سمجھا جا سکتا ہے اور کسی قسم کے اخراجات کو اشیاء کی صورت میں تعاون کے طور پر امیدوار کے ساتھ جوڑ دیا جائے گا۔ ان صورتوں میں، مشیر کا دوہرا کردار ہم آہنگی پیدا کرتا ہے۔ غیر اطلاع کردہ ہم آہنگی کے نتیجے میں غلط اطلاع رسانی اور/یا گمراہ کرنے پر جرمانے ہو سکتے ہیں اور مہم کے خرچے کی حد سے بڑھنے کا سبب بن سکتے ہیں۔ اگر مشیر کو مہم یا آزادانہ خرچہ کرنے والے کا ایجنٹ سمجھا جائے، تو بورڈ اسے ان جرمانوں کے لیے مکمل یا جزوی طور پر ذمہ دار ٹھہرا سکتا ہے۔

## قاعدہ کیا کہتا ہے؟

اس ہدایات کے لیے مخصوص، قاعدے 6-04(a)(vii) اور (viii) بیان کرتے ہیں کہ CFB اس بات کا فیصلہ کرنے میں درج ذیل عناصر کو مدنظر رکھ سکتا ہے کہ آیا ایک خرچہ آزادانہ ہے:

> *(vii) آیا خرچے کرنے کے انتخابی دور کے دوران امیدوار یا امیدوار کے پاس کسی عوامی یا نجی دفتر یا ان کے زیر قابو ادارے، بشمول کسی حکومتی ایجنسی، ڈیویژن یا دفتر، نے خرچہ کرنے والے شخص یا خرچہ کرنے والے ادارے کے بنیادی رکن یا پیشہ ورانہ یا مینیجیریئل ملازم کی پیشہ ورانہ خدمات حاصل کی ہیں؛ اور*

> *(viii) آیا امیدوار اور خرچہ کرنے والے شخص یا ادارے، دونوں نے کسی فریق یا فریقین ثالث سے رجوع یا رابطہ کیا ہے، آیا امیدوار کو علم تھا یا علم ہونا چاہیے تھا کہ امیدوار کا فریق یا فریقین ثالث کے ساتھ رابطہ یا تعلق امیدوار کے فائدے میں اخراجات کے لیے معلومات فراہم کرے گا یا کا نتیجہ بنے گا۔*

1 اس رہنمائی کے مقاصد کے لیے، ایک "مشیر" میں کوئی ایسا شخص یا ادارہ شامل ہے، جو ایک کنسلٹنگ تنظیم اور اس شخص یا ادارے کی جانب سے قائم کردہ، برقرار رکھے گئے یا قابو کیے گئے ہر ادارے کو قائم کرتا، برقرار رکھتا یا قابو کرتا ہے۔

## کون سی صورتوں میں تقریبًا ہمیشہ غیر آزادانہ ہونے کا فیصلہ ہو گا؟

درج ذیل صورتوں میں تقریبًا ہمیشہ غیر آزادانہ ہونے کا فیصلہ ہو گا، اس بات سے قطع نظر کہ مشیران نے کیا فائر والز یا حفاظتی اقدامات استعمال کیے تھے:

1. **انفرادی مشیران**—کیونکہ ایک امیدوار کے لیے کام کرتے ہوئے ایک انفرادی مشیر کا کام لازمی طور پر اس کے ایک آزادانہ خرچ کرنے والے کے لیے کام سے اثر انداز ہوتا ہے، ایک انفرادی مشیر کے آزادانہ خرچ کرنے والے کلائنٹس کی جانب سے ان کے امیدوار کلائنٹس میں سے کسی ایک کے لیے یا ان کے امیدوار کلائنٹس کے مخالفین میں سے کسی ایک کے خلاف تمام اخراجات غیر آزادانہ سمجھے جاتے ہیں۔
2. **ایک بنیادی انتخابی مقصد والی تنظیمیں**—جب ایک مشیر ایک امیدوار اور ایک آزادانہ خرچ کرنے والے (جس کے بنیادی مقاصد اس امیدوار کی نامزدگی یا انتخاب کو فروغ دینا اور/یا اس امیدوار کے مخالفین میں سے ایک یا زیادہ کی نامزدگی یا انتخاب کو ہرانا ہو)، دونوں کے لیے کام کرتا ہو، تو آزادانہ خرچ کرنے والے کے اخراجات کو غیر آزادانہ سمجھا جائے گا۔ اس میں کئی امیدواروں والی سیاسی کمیٹیاں شامل ہیں۔
3. **دوہرے ایجنٹس**—جب CFB تعین کرتا ہے کہ ایک مشیر ایک امیدوار اور آزادانہ خرچہ کرنے والے، دونوں کا ایجنٹ ہے، تو غیر آزادانہ ہونے کا فیصلہ کیا جائے گا۔ ان میں شامل ہیں:

- زیادہ عمومی اور حکمت عملی سے تعلق رکھنے والے مشیر تعلقات اور ساتھ ہی ساتھ جب ایک امیدوار یا آزادانہ خرچہ کرنے والے کے کل خرچ کا 50 فیصد یا زائد کسی مشیر کو تفویض کر دیا جاتا ہے۔
- جب مشیر باقاعدہ بنیادوں پر کلائنٹ کی جانب سے عمل کرتا ہے، مثلاً کاروباری ٹرانزیکشنز یا بات چیت انجام دینے میں مدد دینا۔

## یہ فرض کرتے ہوئے کہ مندرجہ بالا صورتوں کا اطلاق نہیں ہوتا، مشیر اپنے کام اور کلائنٹس کو غیر قانونی ہم آہنگی سے کیسے بچا سکتے ہیں؟

ایسے مشیران جو دونوں اقسام کے کلائنٹس کے لیے کام کرتے ہیں، انہیں علیحدہ ملازمین رکھ کر یا ملازمین کو دو علیحدہ گروہوں میں تقسیم کر کے ایک فائر وال بنائیں: (1) ملازمین جو صرف امیدواروں سے متعلقہ چیزوں پر کام کرتے ہیں ("امیدوار کو تفویض")؛ اور (2) ملازمین جو صرف آزادانہ خرچہ کرنے والوں کی سرگرمیوں پر کام کرتے ہیں ("IE تفویض شدہ)۔

## ایک مشیر کو امیدواروں اور آزادانہ خرچہ کرنے والے اکاؤنٹس پر کام کرنے والے عملے کو کیسے علیحدہ کرنا چاہیے؟

مشیران کو ایک پالیسی بنانی چاہیے، جو امیدواروں کو تفویض اور IE-تفویض شدہ ملازمین کے درمیان اپنے کلائنٹس کے منصوبوں، حکمت عملیوں، پراجیکٹس، سرگرمیوں، ضروریات، وسائل یا کلائنٹ کے متعلق دیگر ایسی معلومات، جو عام عوام کو دستیاب نہ ہوں، کے حوالے سے کسی بھی ابلاغ کو ممنوع کرتی ہو۔

**نوٹ: ایک انفرادی ملازم، جو سپروائزر بھی ہو، امیدوار اور IE اکاؤنٹس دونوں پر کام یا ان کی نگرانی نہیں کر سکتا۔**

مشیر کے کسی بھی ملازم کو پرائمری یا جنرل انتخاب سے پہلے کے ایک سال کے عرصے کے اندر یا ایک خصوصی انتخاب سے پہلے تین مہینے کے عرصے کے اندر دونوں اقسام کے کلائنٹس کے لیے کام نہیں کرنا چاہیے۔

### تعمیل کا الرٹ

اگر کوئی کنسلٹنگ فرم یا تنظیم **ایک واحد فرد کی ملکیتی، زیر قابو اور زیر انتظام** ہے، تو اس شخص کو پرائمری یا جنرل انتخاب سے پہلے کے ایک سال کے عرصے کے اندر یا ایک خصوصی انتخاب سے پہلے تین مہینے کے عرصے کے اندر صرف امیدوار کو تفویض ملازمین کی جانب سے انجام دہ کام یا صرف IE-تفویض شدہ ملازمین کی جانب سے انجام دہ کام کو سپروائز کرنے کا فیصلہ کرنا چاہیے۔

## کون سے اضافی حفاظتی اقدامات موجود ہونے چاہیں؟

تحریری پالیسی کو بیان کرنا چاہیے کہ درج ذیل اقسام کے ملازمین کو صرف ایک امیدوار کے اکاؤنٹسپر کام کرنا چاہیے:

1. ایک امیدوار، جو کلائنٹ ہو، کے اپنے خاندان کے اراکین۔
2. ایسے ملازمین، جن کا حالیہ ترین آجر یا سپروائزر ایک ایسا امیدوار ہو، جو ایک کلائنٹ ہو۔
3. ایسے ملازمین جنہوں نے کسی ایسے امیدوار، جو کلائنٹ ہو، کی مہم کو پیشہ ورانہ خدمات فراہم کی ہوں یا کسی سینیئر عہدے پر یا مشیرانہ حیثیت سے کام کیا ہو (مشیر کے پاس کام پر رکھے جانے کے ایک سال کے اندر)۔

درج ذیل اقسام کے ملازمین کو صرف آزادانہ خرچہ کرنے والے اکاؤنٹسپر کام کرنا چاہیے:

1. ایسے انفرادی آزادانہ خرچہ کرنے والے یا آزادانہ خرچہ کرنے والے کے مالک/کو قابو کرنے والے فرد، جو کلائنٹ ہو، کے اپنے خاندان کے اراکین
2. ایسے ملازمین، جن کا حالیہ ترین آجر یا سپروائزر ایک ایسا آزادانہ خرچہ کرنے والا ہو، جو ایک کلائنٹ ہو۔
3. ایسے ملازمین جنہوں نے کسی ایسے آزادانہ خرچہ کرنے والے، جو کلائنٹ ہو، کو پیشہ ورانہ خدمات فراہم کی ہوں یا کسی سینیئر عہدے پر یا مشیرانہ حیثیت سے کام کیا ہو (مشیر کے پاس کام پر رکھے جانے کے ایک سال کے اندر)۔

جیسا کہ CFB مشاورتی رائے 2009-7 میں بیان کیا گیا ہے، "اس بات کا فیصلہ کہ آیا کوئی مخصوص خرچہ آزادانہ یا غیر آزادانہ ہے، لازمی طور پر مخصوص حقائق پر مبنی ہے۔" CFB حتمی فیصلہ کرنے کے لیے سرگرمی کے سیاق و سباق اور مخصوص حالات کا جائزہ لے گا اور تمام مشیران، امیدواروں اور آزادانہ خرچہ کرنے والوں کو تجویز دی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی سوال کے حوالے سے CFB سے براہ راست رجوع کریں۔

### ہم سے رابطہ کریں

امیدوار کینڈیڈیٹ سروسز یونٹ سے 1800-409 (212) یا CandidateServices@nyccfb.info پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ مشیران یا آزادانہ خرچہ کرنے والے سپیشل کمپلائنس یونٹ سے 1800-409 (212) یا IEmail@nyccfb.info پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

6/24/2020